A

സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

710

# ആത്യന്തികവിലയിരുത്തൽ I - 2026 – 27

ക്ലാസ് : 7 | ഉർദു | സമയം:2 മണിക്കൂർ 15 മിനിട്ട്

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

1. മൂല്യനിർണ്ണയ പ്രവർത്തനങ്ങൾ ആരംഭിക്കുന്നതിന് മുമ്പ് പതിനഞ്ച് മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ നന്നായി വായിച്ചു മനസ്സിലാക്കണം.
2. ആറു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഉത്തരമെഴുതിയാൽ മതി.
3. രണ്ടു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഇന്റേണൽ ചോയിസുണ്ട്. ഇന്റേണൽ ചോയിസുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഒന്നിന് മാത്രം (A OR B) ഉത്തരമെഴുതിയാൽ മതി.

## سرگرمی:۱

ہندوستان کا پیارا ہے کیرل سب سے نیارا ہے
ندیاں اجلی ستھری ہے کیسی پیاری پیاری ہے
ناریل اور سپاری ہے چائے کاجو نیاری ہے
ہری بھری ہریالی ہے ہر جا یہ خوش حالی ہے

1. بچّو، یہ نظم کس کے بارے میں ہے؟

[ کیرلا کے بارے میں، دلّی کے بارے میں، کرناٹک کے بارے میں ]

2. اس نظم میں کیرلا کے چند پیداواروں کے نام آئے ہیں دو پیداواروں کے نام لکھیے۔

3. بچّو، کیرلا سب سے نیارا ہے۔ کیرلا کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

## سرگرمی: II(A)



* یہ کیرلا کا سب سے اہم تہوار ہے۔
* یہ مہابلی نامی راجا کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
* لوگ نئے نئے کپڑے پہنتے ہیں۔
* یہ خوشی اور اتحاد کا تہوار ہے۔

1. بچّو، اوپر کے جملے کس تہوار کے بارے میں ہے ؟
2. کیرلا میں بہت سارے تہوار منائے جاتے ہیں۔ کسی دو تہواروں کے نام لکھیے۔
3. کسی ایک تہوار کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

## II(B)

1. نیچے دو تہواروں کے بارے میں جملے دیے ہیں۔ مناسب جملے خانوں میں جوڑ کر لکھیے۔

لوگ پوکلم بناتے ہیں

رنگوں کا تہوار ہے

لوگ آپس میں رنگ پھینکتے ہیں

کیرلا کا قومی تہوار ہے

| | |
|---|---|
| اونم | ........................................ <br> ........................................ |
| ہولی | ........................................ <br> ........................................ |

2. بچّو، اونم کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی: III



یہ ہمارے بابائے قوم ہیں۔ان کا پورا نام موہن داس کرم چند گاندھی ہے۔آپ ایک مجاہدِ آزادی بھی ہیں۔آپ 'پوربندر' میں پیدا ہوئے۔بابائے قوم کو ہم پیار سے باپو جی کہتے ہیں۔باپو جی بچّوں سے بہت پیار کرتے تھے۔

بچّو، سوالوں کے جواب لکھیے۔

1. ہمارے بابائے قوم کون ہیں؟
2. دو مجاہدینِ آزادی کے نام لکھیے۔
3. کسی ایک مجاہدِ آزادی کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی: IV

1. بچّو، کہانی پڑھ کر اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔

شاکرہ اور لتا دوست تھیں۔ دیوالی کے دن شاکرہ لتا کے گھر گئی۔ لتا کی امّی نے شاکرہ کو بیسن کی لڈو اور سون پاپڑی دیے۔شام کو طرح طرح کے دیے جلائے۔ چند مہینوں کے بعد لتا اپنے گھر والوں کے ساتھ کسی دور علاقے میں چلی گئی۔شاکرہ کو کوئی اور دوست نہیں تھی۔ شاکرہ بہت اداس ہو گئی۔

اشارے: [ کہاں، کون، کیوں، کیا، کب ]

2. بچّو، شاکرہ کی دوست........ہے؟

## سرگرمی: V(A)

بچو، گفتگو غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

ٹیچر: رادھا، کل تم کہاں گئی تھی؟
رادھا: ٹیچر، میں دوستوں کے ساتھ لیلا بائی کے کھیت میں گئی تھی۔
ٹیچر: بیٹے، کھیت کیسے ہیں؟
رادھا: بہت خوبصورت اور ہریالی ہے۔
ٹیچر: کھیت میں کیا کیا اگاتے ہیں؟
رادھا: وہاں طرح طرح کی پھل، پھول اور ترکاریاں اگاتے ہیں۔ ٹیچر! لیلا بائی کو کرشکاشری (കർഷകശ്രീ) ایوارڈ بھی ملا ہے۔
ٹیچر: اچھا۔ یہ بڑی فخر کی بات ہے۔

1. رادھا کس کے ساتھ کھیت میں گئی تھی؟
[دوستوں کے ساتھ، ٹیچر کے ساتھ، پڑوس کے ساتھ]
2. لیلا بائی کو کون سا ایوارڈ ملا؟
3. لیلا بائی کے کھیت کیسے ہیں؟
4. کھیت میں کیا کیا اگاتے ہیں؟

V(B)

کرشکاشری ایوارڈ یافتہ لیلا بائی کے کھیت دیکھ کر رادھا کو کھیتی کرنے کا مزہ آگیا۔ کرشی آفیسر سے ملنے کے لیے وہ کرشی بھون گئی۔ رادھا کرشی آفیسر سے باتیں کرنے لگی۔



رادھا: آداب! آفیسر جی

آفیسر: ..................

1. بچو، اشاروں کی مدد سے رادھا اور کرشی آفیسر کی گفتگو تیار کیجیے۔

اشارے: [کھاد، کسان، پودا، بیج، مدد]

2. لیلا بائی کو کونسا ایوارڈ ملا؟

[کلاشری، کیرلاشری، کرشکاشری]

## سرگرمی: VI

یہ اشعار غور سے پڑھیے۔

ہوا میں درختوں کا وہ جھومنا  وہ پتوں کا پھولوں کا منہ چومنا
وہ باغوں میں کوئل وہ جنگل کے مور  وہ گنگا کی لہریں وہ جمنا کے زور
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

1. بچو، اشعار میں دو ہم آواز الفاظ ہیں۔ لکھیے۔
2. اشعار میں چند پرندوں اور ندیوں کے نام آئے ہیں۔ چن کر لکھیے۔

| پرندے | ندیاں |
|---|---|
| .............. | .............. |
| .............. | .............. |

3. پسندیدہ ایک پرندے کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔